# اعلانِ اشاعتِ خاص

## بیاد: حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر رحمۃ اللہ علیہ

جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی کے مہتمم، عالمی مجلس تحفظِ ختمِ نبوت کے امیر اور وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے صدر، ہمارے ہر دلعزیز بزرگ حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب رحمہ اللہ رحمۃً واسعۃً گزشتہ دنوں مؤرخہ ۱۹ ذوالقعدہ ۱۴۴۲ھ مطابق ۳۰ جون ۲۰۲۱ء کو راہیِ سفرِ آخرت ہوئے، فإنا للہ وإنا إلیہ راجعون.

حضرت ڈاکٹر صاحب رحمہ اللہ کی وفاتِ حسرتِ آیات اہلیانِ پاکستان اور اُمتِ مسلمہ کے لیے عظیم سانحہ ہے۔ آپ کی وفات، جنازہ اور تعزیت کے موقع پر دنیا بھر کے عوام وخواص شریکِ غم ہوتے رہے اور یہ سلسلہ اب بھی جاری ہے۔ مختلف اہلِ علم تحریری طور پر بھی اپنے جذبات کا اظہار فرما رہے ہیں۔ جامعہ کی مجلسِ منتظمہ نے مناسب سمجھا کہ حضرت ڈاکٹر صاحب رحمہ اللہ کے بارے میں اس قسم کے گراں قدر جذبات اور آپ کی حیاتِ مستعار سے ملنے والے رہنما اُصولوں کو آپ کے نسبی وروحانی پسماندگان اور دیگر اہلِ علم کے لیے مشعلِ راہ بنایا جائے، اس لیے اہلِ علم اور حضرت کے متوسلین ومحبین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ اپنے گراں قدر جذبات، خیالات اور حقیقی واقعات پر مبنی مضامین جلد از جلد ماہ نامہ ''بینات'' کے پتہ پر بھیج دیں، تاکہ حضرت ڈاکٹر صاحب رحمہ اللہ کی بے مثال قابلِ تقلید زندگی سے متعلق اشاعتِ خاص کا عمل جلد از جلد مکمل ہوسکے۔ واضح رہے کہ مضامین حقائق ونصائح پر مبنی ہوں، بے جا تکلُّف، تصنُّع اور غیر مفید لفاظی سے اجتناب کیا جائے۔ وفقکم اللہ وإیانا للخیر و الصواب.

**(از ادارہ)**

وصلی اللہ تعالٰی علٰی خیر خلقہٖ سیدنا محمد و علٰی آلہٖ و صحبہٖ أجمعین

..... ❁ ..... ❁ ..... ❁ .....